بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز منگل مورخہ 3/اگست 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1)محکمہ پی ڈی ایم اے (2)محکمہ جنگلات وجنگلی حیات (3) محکمہ آبپاشی

☆274 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11فروری 2020

کیا وزیر پی ڈی ایم اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 22مارچ اور 20اپریل 2021 کو موخرشدہ

(الف) سال 2013 کے دوران ضلع واشک میں آنے والے زلزلہ کے نتیجے میں کل کسقدر جانی و مالی نقصانات رونما ہوئے نیز کیا یہ درست ہے کہ زلزلہ متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے مختص کردہ دس کروڑتاحال تقسیم نہیں کی گئی ہے۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر جانی و مالی نقصانات رونما ہوئے نیز مختص کردہ رقم کب تک متاثرین میں تقسیم کی جائے گی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر پی ڈی ایم اے

16اپریل 2013 کو ماشکیل میں پیش آنے والے زلزلے کے باعث 14افراد کی اموات کے بارے رپورٹ موصول ہوئی 24 زخمیوں کو علاج کیلئے سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کیا گیا بعد میں ان میں سے ایک ہسپتال میں زخمیوں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا مرنے والے کیلئے 5لاکھ فی کس زخمی ہونے والے کیلئے 1لاکھ پچاس ہزار فی کس زلزلے کے باعث چار ہزار چھ سو چھتیس (4636) مکانات کو بھی نقصان پہنچا تفصیل ذیل ہے۔

مکمل طور پر تباہ ہونے والے کچے مکانات	2220
جزوی طور پر متاثر ہونے والے کچے مکانات	2349
مکمل طور پر تباہ ہونے والے پکے مکانات	0

جزوی طور پر متاثر ہونے والے پکے مکانات 4636

پی ڈی ایم اے بلوچستان کی طرف سے ڈپٹی کمشنر واشک کو مورخہ 25 ستمبر 2020 کو 92.410 ملین ریلیز کر دیئے گئے اب یہ ڈپٹی کمشنر واشک کی ذمہ بنتی ہے کہ وہ رقم زلزلہ متاثرین میں تقسیم کریں تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆288 جناب ثناء اللہ بلوچ رُکن اسمبلی

<u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ یکم جولائی 2020</u>

کیا وزیر پی ڈی ایم اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ <u>24 نومبر 2020 اور 26 جنوری 2021 کو موخر شدہ</u>

محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے فروری 2020 تا جون 2020 کے دوران کرونا سے نمٹنے کے سلسلے میں خرچ کردہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ عرصے کے دوران حفاظتی سامان، اشیاء خورد ونوش، تعمیرات اور ٹرانسپورٹیشن کے مدات میں آمدہ اخراجات کی مدوار تفصیل بمعہ کمپنیوں اور سپلائرز کے نام، رجسٹریشن اور ایڈرس کے دی جائے۔

<u>وزیر پی ڈی ایم اے</u>

بمطابق ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے بلوچستان کوئٹہ پی ڈی ایم اے بلوچستان کی جانب سے فروری تا جون 2020ء کے دوران کرونا سے نمٹنے کے سلسلے میں مختص شدہ رقم 2230.77 ملین روپے میں سے 1809.875 ملین روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ نیز مذکورہ عرصے کے دوران حفاظتی سامان اشیاء خورد ونوش، تعمیرات اور مواصلات کی مدات میں جس قدر اخرجات ہوئے کی مدوار تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆290 جناب اختر حُسین لانگو رُکن اسمبلی

<u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 14 جولائی 2020</u>

کیا وزیر پی ڈی ایم اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ <u>24 نومبر 2020 اور 26 جنوری 2021 کو موخر شدہ</u>

محکمہ پی ڈی ایم اے کو کرونا کی مد میں ابتک کل کسقدر فنڈز ملے ہیں نیز ملنے والے فنڈز جن جن مدات میں خرچ کئے گئے ہیں کی مدوار تفصیل بھی دی جائے۔

<u>وزیر پی ڈی ایم اے</u>

بمطابق صوبائی ڈسزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان کوئٹہ محکمہ کو کرونا وائرس کی مد میں ابتک جن جن مدات میں فنڈز ملے نیز ملنے والے فنڈز جن جن مدات میں خرچ کئے گئے کی تفصیل آخر میں منسلک ہے

کوئٹہ، سیکرٹری،

مورخہ 30/اگست 2021 بلوچستان صوبائی اسمبلی